علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

(شعبہ پاکستان سٹڈیز)

وارننگ

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ:

1- اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2- کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: مطالعہ پاکستان (9402) سمسٹر: بہار 2026ء

سطح: بی ایس

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔ (ہدایات برائے طلباء ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ، ایم فل اور پی ایچ ڈی)

1) تمام سوالات لازمی ہیں اور تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔
2) سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔۔ سوال کے تمام اجزاء کا جواب دیں۔
3) ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین (scanned) امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔
4) ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔
5) مقررہ تاریخ کے بعد/تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہو سکیں گی جس کا ذمہ دار طالب علم ہی ہو گا۔
6) آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرز تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔
7) غیر متعلقہ بحث/معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

امتحانی مشق نمبر1

(یونٹ:1-4)

نوٹ: درج ذیل سوالوں کے جواب تفصیل سے تحریر کیجیے۔

سوال نمبر1- صوفی کی تعریف اپنے الفاظ میں کیجیے نیز برصغیر کے صوفیائے کرام کے سلسلوں کے بارے میں میں آپ کیا جانتے ہیں؟ مفصل بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر2- جنگ آزادی میں رونما ہونے والے واقعات کی تفصیل بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر3- وہ کون سے محرکات تھے جنھوں نے مسلمانوں کو جداگانہ انتخابات کی طرف گامزن کیا؟ واضح کریں۔ (20)

سوال نمبر4- شدھی اور سنگھٹن سے کیا مراد ہے؟ مسلمانوں پر ان کے اثرات پر بحث کریں۔ (20)

سوال نمبر5- 1937 کے انتخابات میں کامیابی کے بعد کانگریس نے مسلمانوں کے ساتھ جو ظالمانہ رویہ رکھا، اس پر بحث کریں (20)

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

امتحانی مشق نمبر2

(یونٹ:5-9)

نوٹ: درج ذیل سوالوں کے جواب تفصیل سے تحریر کیجیے۔

سوال نمبر1- ماونٹ بیٹن کے عزائم کو قائداعظم نے کیسے ناکام بنایا؟۔ تفصیلاً بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر2- مسلح افواج کی تنظیم نو کے بارے میں لیاقت علی خان کی تجاویز کیا تھیں؟ آپ کے خیال میں انہیں اس مراحلہ پر کیوں مسترد کیا گیا تھا؟ (20)

سوال نمبر3- قائداعظم نے انتظامی ڈھانچہ تعمیر کرنے کے لیے اور پاکستان کو قوموں کی برادری میں جگہ دلانے کے لیے کیا اقدام کئے؟ وضاحت کریں۔ (20)

سوال نمبر4- سکندر مرزا کی پالیسیوں اور کم مدت وزارتوں میں تعلق واضح کریں۔ (20)

سوال نمبر5- پاکستان کے تحفظ کو متاثر کرنے والے عوامل پر بحث کریں۔ (20)